**23.03.2026**
**13.50 Hrs**
**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ................. ماجد علی

**Music**

-----------------------------

☆ وزیراعظم نریندر مودی مغربی ایشیا کی صورتحال پر اب سے کچھ دیر بعد لوک سبھا سے خطاب کریں گے۔

☆ امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی آبنائے ہُرمز پر وارننگ کے بعد ایران نے خلیجی ممالک کے بنیادی ڈھانچوں پر جوابی کارروائی کرنے کی دھمکی دی ہے۔

☆ لوک سبھا نے وزیرخزانہ نرملا سیتارمن کے مشورے پر کارپوریٹ قوانین ترمیمی بل کو مزید غوروخوض کیلئے مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کے پاس بھیجا ہے۔

☆ آسام، کیرالم اور پدوچیری میں کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل آج شام ختم ہورہا ہے۔

☆ آج مجاہدین آزادی بھگت سنگھ، راج گرو اور سُکھدیو کے یومِ شہادت کے موقع پر ملک اُن کو خراجِ عقیدت پیش کررہا ہے۔

☆ اور ...... بھونیشور میں پیراایتھلیٹکس چمپئن شپ میں اروناچل پردیش کی **Kipa Mero** نے خواتین کے نیزا پھینک مقابلے میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

----------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے---

**LS PM West Asia**

وزیراعظم نریندر مودی آج سہ پہر لوک سبھا میں مغربی ایشیا میں جاری لڑائی کے مختلف پہلوؤں کا خاکہ پیش کریں گے اور اِس معاملے پر بھارت کے موقف کی وضاحت کریں گے۔ جناب مودی نے مغربی ایشیا میں جاری لڑائی کے تناظر میں صورتحال کا جائزہ لینے کی غرض سے کل سلامتی سے متعلق کابینہ کمیٹی کی ایک میٹنگ کی صدارت کی۔ جناب مودی نے کہا کہ یہ لڑائی ایک ابھرتی ہوئی صورتحال ہے اور اِس سے کسی نہ کسی شکل میں پوری دنیا متاثر ہو رہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ لڑائی کے اثر سے شہریوں کو محفوظ رکھنے کیلئے ہر طرح کی کوششیں کی جانی چاہئیں۔

وزیراعظم نے ہدایت دی کہ حکومت کی تمام شاخوں کو ایک ساتھ مل کر کام کرنا چاہیے تاکہ اِس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ شہریوں کو کم سے کم پریشانی ہو۔

انھوں نے ریاستی سرکاروں کے ساتھ مناسب اشتراک پر بھی زور دیا تاکہ اِس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ کالا بازاری اور اہم اشیا کی ذخیرہ اندوزی نہ ہو۔ وزیراعظم نے ہدایت دی کہ اِس سلسلے میں وزیروں اور سکریٹریوں کا ایک گروپ قائم کیا جائے۔ انھوں نے سبھی متعلقہ فریقوں کے ساتھ مشاورت سے کام کرنے کی غرض سے سیکٹرل گروپوں کے قیام کی بھی ہدایت دی۔x

**PM Ram Mnohar Lohia**

وزیرِاعظم نریندر مودی نے آج ڈاکٹر رام منوہر لوہیا کو اُن کے یومِ پیدائش پر خراجِ عقیدت پیش کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ ڈاکٹر رام منوہر لوہیا، گوناگوں شخصیت کے مالک تھے، جنھوں نے سامراجی حکومت کے خلاف لوگوں کو متحرک کرنے میں اہم کردار ادا کیا اور جنھوں نے 1947 کے بعد بھارت کی ترقی میں تعاون دیا۔ وزیرِاعظم نے ڈاکٹر رام منوہر لوہیا کو ایک سرکردہ مفکر اور سماجی انصاف کیلئے سب سے پہلے آواز بلند کرنے والوں میں سے ایک قرار دیا۔x

**Dubai UAE**

مغربی ایشیا میں صورتحال مزید خراب ہوگئی ہے، کیونکہ ایران نے دھمکی دی ہے کہ اگر امریکہ ایران کے بجلی گھروں پر حملہ کرتا ہے تو آبنائے ہرمز کو پوری طرح بند کردیا جائے گا اور اُس وقت تک نہیں کھولا جائے گا جب تک کہ ایران کے تباہ شدہ بجلی گھروں کی دوبارہ تعمیر نہیں کی جاتی۔ IRGC کا یہ بیان امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے اِس انتباہ کے بعد سامنے آیا ہے کہ اگر ایران 48 گھنٹے کے اندر اندر آبنائے ہرمز کو نہیں کھولے گا، تو امریکہ ایران کے مختلف بجلی گھروں کو مکمل طور پر تباہ کردے گا اور اِس کا آغاز سب سے بڑے بجلی گھر سے کیا جائے گا۔

اِس دوران متحدہ عرب امارات نے آج کہا ہے کہ اُس کے فضائی دفاعی نظام نے ایران سے داغے گئے میزائل اور ڈرون کو آج صبح سویرے فضا میں ہی روک کر تباہ کردیا، جس کے بعد ملک کے کئی حصوں میں زوردار دھماکوں کی آواز سنی گئی۔x

**LS Corporate Bill JPC**

کارپوریٹ قوانین ترمیمی بل 2026 کو جائزے کیلئے مشترکہ پارلیمانی کمیٹی JPC کے پاس بھیجا گیا ہے۔ آج لوک سبھا میں اِس بل کو پیش کرنے کے بعد مرکزی وزیرِخزانہ نرملا سیتارمن نے اِس بل کو جائزے کیلئے JPC کے پاس بھیجنے کی تجویز پیش کی۔ ایوان نے اِس کی منظوری دے دی۔ اِس بل کا مقصد محدود ذمے داری کی شراکت داری کے قانون 2008 اور کمپنی قانون 2013 میں ترمیم کرنا ہے۔ اِس سے قبل اِس بل کو پیش کئے جانے سے پہلے اپوزیشن کے ممبران نے الزام لگایا کہ یہ مجوزہ قانون کارپوریٹ سماجی ذمے داری کو تحلیل کردیتا ہے۔ اُن کے خدشات کا جواب دیتے ہوئے نرملاسیتارمن نے کہاکہ مجوزہ ترمیمی بل سے نہ صرف زیادہ سرمایہ کاری آئے گی، بلکہ کارپوریٹ گورننس کو بھی آسان بنائے گا۔x

**Patil Jal Jeevan Mission**

جل شکتی کے مرکزی وزیر سی-آر-پاٹل نے آج کہا کہ جل جیون مشن کے تحت 16 کروڑ گھروں کو نل کے ذریعے پانی مہیا کرایا گیا ہے۔ نئی دہلی میں پانی کے عالمی دن کانکلیو 2026 کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیرِموصوف نے یہ بات بتائی۔ انہوں نے کہاکہ یہ کانکلیو پانی کو جمع کرنے اور پانی کے پائیدار انتظام سے متعلق خیالات اور تجویزات مہیا کرنے کیلئے ایک پلیٹ فارم کی طرح کام کرے گا۔ جناب پاٹل نے نمامی گنگے مشن جیسے اقدامات کی تعریف کی اور ندی کے پانی کو صاف کرنے سے متعلق حکومت کے عزم کو دہرایا۔ وزیر موصوف نے ملک کے شہریوں سے زور دے کر کہا کہ وہ پانی کا تحفظ کریں۔

**Byte: CR Patil In GNR Mail**

اِس موقع پر وزیر موصوف نے جل شکتی ہیکاتھون کے فاتحین کی عزت افزائی کی اور پانی کے شعبے میں اختراع اور بامعنی حل کو سراہا۔x

## Nominations Assembly Polls

آسام، کیرالم اور پدوچیری میں آسمبلی انتخابات کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل آج شام ختم ہو جائے گا۔ مذکورہ دونوں ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقے میں ایک ہی مرحلے میں اگلے مہینے کی 9 تاریخ کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ کاغذات کی جانچ پڑتال کل کی جائے گی، جبکہ نام واپس لینے کی آخری تاریخ 26 مارچ ہے۔
تمل ناڈو میں ایک ہی مرحلے میں 23 اپریل کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ مغربی بنگال میں 23 اور 29 اپریل کو دو مرحلے میں پولنگ ہوگی۔ تمل ناڈو اور مغربی بنگال آسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کیلئے نوٹیفکیشن اس مہینے کی 30 تاریخ کو جاری کیا جائے گا۔ مغربی بنگال کے دوسرے مرحلے کی پولنگ کیلئے نوٹیفکیشن 2 اپریل کو جاری کیا جائے گا۔ چاروں ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقے کے ووٹوں کی گنتی 4 مئی کو کی جائے گی۔x

## WB Election

مغربی بنگال میں آئندہ آسمبلی انتخابات کی تیاریوں کا جائزہ لینے کیلئے چناؤ کمیشن آج سبھی ضلع انتخابی افسروں، پولیس کمشنروں اور پولیس سپرنٹینڈنٹس کے ساتھ ایک میٹنگ کرے گا۔ یہ میٹنگ سینئر نائب چناؤ کمشنر منیش گرگ کی صدارت میں ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے شام چار بجے سے شروع ہوگی۔ اِس موقع پر سینئر نائب چناؤ کمشنروں گیانیش بھارتی اور پَوَن کمار شرما بھی ریاست کے اعلیٰ انتخابی افسر منوج کمار اگروال کے ساتھ موجود رہیں گے۔x

## WB Slupplementary List

چناؤ کمیشن ووٹر فہرستوں کی جامع نظرِ ثانی کے عمل کے تحت آج مغربی بنگال میں پہلی ضمنی ووٹر فہرست جاری کرے گا۔ اِس فہرست میں اُن رائے دہندگان کے نام ہوں گے، جن کی اُن دستاویزات کی پوری طرح تصدیق ہو گئی ہے، جن کا فیصلہ ہونا تھا۔ چناؤ کمیشن کے ذرائع نے بتایا ہے کہ 27 لاکھ زیر التوا ووٹر ریکارڈس کا فیصلہ ہوگیا ہے۔ فہرست جاری ہونے کے بعد اگر کسی ووٹر کو کوئی اعتراض ہے تو وہ آن لائن ECI Net App یا کمیشن کی ویب سائٹ پر اور آف لائن ضلع یا سب ڈویژنل دفاتر میں اپیل کر سکتے ہیں۔x

## Nagaland by Election

ناگالینڈ میں Koridang آسمبلی حلقے کے ضمنی چناؤ کے لئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل آج ختم ہوجائے گا۔ کاغذات کی جانچ پڑتال کل ہوگی اور امیدوار 26 مارچ تک اپنے نام واپس لے سکتے ہیں۔ ضمنی چناؤ کیلئے 9 اپریل کو ووٹ ڈالے جائیں گے، جبکہ ووٹوں کی گنتی 4 مئی کو ہوگی۔x

## Rev Martyrdom Day

ملک آج مجاہدین آزادی بھگت سنگھ، راج گرو اور سُکھدیو کو اُن کے یومِ شہادت کے موقع پر خراجِ عقیدت پیش کررہا ہے۔ آج ہی کے دن 1931 میں برطانیہ نے اُن کی انقلابی سرگرمیوں کے سبب لاہور میں پھانسی دی تھی۔ ملک کے اِن سپوتوں کی عظیم قربانی کی یاد میں شہید بھگت سنگھ کے آبائی گاؤں Khatkar Kalan میں ایک سرکاری تقریب منعقد کی جارہی ہے۔
نائب صدر جمہوریہ سی-پی-رادھاکرشنن، وزیراعظم نریندر مودی اور دیگر لیڈروں نے اِن مجاہدین آزادی کو خراجِ عقیدت پیش کیا ہے۔

لوک سبھا اور راجیہ سبھا میں بھی آج بھگت سنگھ راج گرو اور سُکھدیو کو اُن کے یومِ شہادت کے موقع پر خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔
راجیہ سبھا کے چیئرمین سی-پی-رادھاکرشنن نے کہاکہ اُن کی شہادت ملک کی تحریک آزادی کی تاریخ کا صرف ایک باب نہیں تھی، بلکہ یہ ایک فیصلہ کُن موڑ تھا، جس نے ملک کے ضمیر کو جگا دیا اور نوآبادیاتی نظام کے خلاف کھڑا ہونے کیلئے لاکھوں لوگوں کو ترغیب دی۔
خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے کہا کہ اُن کی بہادری کی ناقابل فراموش کہانی ملک کے نوجوانوں اور پورے ملک کو ترغیب دیتی رہے گی۔

**Byte: Om Birla**

آج کا دن منانے کیلئے میرا یووا بھارت پورے ملک میں ایک پدیاترا کا انعقاد کرے گی۔×

## Rajnath Bhagat Singh

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے آج مجاہدینِ آزادی بھگت سنگھ، سکھ دیو اور راج گرو کو اُن کے یومِ شہادت پر خراجِ عقیدت پیش کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر موصوف نے کہا کہ اِن مجاہدینِ آزادی نے اپنی جرأت، قربانی اور شہادت کے ذریعے ملک کو آزاد کرنے کے اپنے عزم کا مظاہرہ کیا۔ انھوں نے مزید کہا کہ اِن عظیم سورماؤں کی قربانی اور حب الوطنی آنے والی نسلوں کو حوصلہ فراہم کرتی رہیں گی۔x

## World Meteorological Day

آج دنیا بھر میں موسمیات کا عالمی دن منایا جا رہا ہے۔ اس سال کا موضوع ہے: ''آج کا مشاہدہ، کل کا تحفظ''۔ یہ دن ہر سال 23 مارچ کو موسمیات کی عالمی تنظیم WMO کے قیام کے کنونشن 1950 کی یاد میں منایا جاتا ہے۔
موسمیات کی عالمی تنظیم کی سکریٹری جنرل Celeste Saulo نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ موسم کے بارے میں ہر پیش گوئی کے پیچھے لاکھوں مشاہدات ہوتے ہیں جنہیں WMO کے اشتراک سے ایک عالمی نیٹ ورک میں پروسیس کیا جاتا ہے۔×

## Stocks

مغربی ایشیا میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے پیش نظر گھریلو شیئربازار دوپہر تک ڈھائی فیصد گراوٹ کے ساتھ تجارت کررہے تھے۔ اب سے کچھ دیر پہلے تک Sensex میں ایک ہزار 808 پوائنٹس کی گراوٹ آئی اور یہ 72 ہزار 725 پر پہنچ گیا، جبکہ Nifty میں 584 پوائنٹس کی گراوٹ آئی اور یہ 22 ہزار 530 پر پہنچ گیا۔×

## Para Athlete

ارونا چل پردیش کی پیرا ایتھلیٹ Kipa Mero نے اوڈیشہ کے شہر بھوبنیشور میں جاری 24ویں قومی پیرا ایتھیلیٹکس چیمپین شپ میں خواتین کے نیزہ پھینکنے کے F-12 زمرے میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔ انھوں نے خود اپنا قومی ریکارڈ توڑ دیا۔
اُدھر Techi Meta نے خواتین کے 400 میٹر T-13 زمرے میں چاندی کا تمغہ جیتا۔x

☆☆☆☆☆